19/05/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔۔۔عارف حسین

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج جنوبی کشمیر کے پلوامہ ضلع میں آج منشیات مخالف پد یاترا کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ اس پد یاترا میں سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں شرکت کی۔

اس موقعے پر ایل جی نے کہاکہ جمونکشمیر کو منشیات کے کاروبار اور اس کے استعمال سے پاک بنانے کیلئے مناسب کارروائیاں جاری رہیں گی۔

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے کہاکہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت پچھلے 38دنوں کے دوران 766ایف آئی آر درج کئے گئے ہیں۔ جبکہ 856افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے ۔ اس مدت میں پولیس نے 677کلو گرام نشیلی اشیاءبھی ضبط کی ہے۔

بانڈی پورہ

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ نے گورنمنٹ ڈگری کالج بانڈی پورہ کے باہمی اشتراک سے کل Pychiatry Convention on De-Addictionکے موضوع پر ایک پروگرام کا اہتمام کیا۔اس پروگرام میں MLA بانڈی پورہ نظام الدین بٹ کے علاوہ ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے بھی شرکت کی۔

رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے کل ایک میٹنگ کے دوران راجوری ضلع کے مینڈھر عملائی جا رہی ترقیاتی اسکیموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔انہوننے کہا کہ سرکار جموں کشمیر کے ہر ضلع کی یکسان اور متواز ن ترقی کیلئے وعدہ بند ہے۔

ہاؤس

پانپور حسنین مسعودی کی دارت میں سرینگر میں منعقد MLA جل جیون مشن پر بنی قانون ساز اسمبلی کی ہاؤس کمیٹی کی میٹنگ کل ہوئی۔میٹنگ کے دوران کمیٹی نے مختلف اضلاع میں زیر تعمیر جل جیون مشن کے تحت ہو رہے کاموں کاتفلی جائزہ لیا۔

کولگام

اسی دوران ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد احمد نے کل ضلع میں جل جیون مشن کے تحت جاری مختلف کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقعے پر ہدایت دی کہ تمام زیر تعمیر کامونکو اپنے مقررہ وقت پر مکمل کیا جائے تاکہ عام لوگوں کوان سے فائدہ پہنچ سکے۔

شاہد اقبال

امور نوجوان اور کھیل کود کے کمشنر سیکریٹری ڈاکٹر شاہد اقبال چودھری نے ازبکستان میں منعقد ہوئی انڈر15 ایشین بکسنگ چمپئن شپ میں گولڈ میڈل جیتنے والے محمد یاسر کو مبارکباد دی ہے ۔

سیکریٹری موصوف نے راجوری سے تعلق رکھنے والے 14سالہ محمد یاسر کی کل ایک تقریب پر عزت افزائی کی ۔ انہوننے کہا کہ محمد یاسر نے جموں کشمیر کے نوجوانوں کیلئے ایک مثال قائم کی ہے ۔

لابرو

ڈپٹی کمشنر سرینگراکشے لابرو نے کل انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ مینعید الاضحی کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے اس سلسلے مینمتعلقہ محکموں کے ما بین قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

اسی دوران کمشنر مو□وف نے کل ایک اور میٹنگ کے دوران ضلع میں نئے فائر اسٹیشنوں کے قیام کیلئے ضروری لوازمات کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران فائر اسٹیشنوں مینفائر سیفٹی انفراسٹریکچر کا بھی ڈپٹی کمشنر نے تف□یلی جائزہ لیا۔

پروگرام

خواتین کے قومی کمیشن کے اہتمام سے آج سرینگر کے مولانا آزاد روڈ پر واقع بینکٹ ہال میں" راشٹریہ مہیلا آیوگ آپ کے پروگرام کے تحت مہیلا جن سنوائی کے پروگرام منعقد ہو رہے ہیں ، جن کا مق□د خواتین کو در پیش مسائل کا فوری حل تلاش Dwar" کرنا ہے۔

یہ پروگرام آج □بح ساڑھے نو بجے شروع ہو ا۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ جموں کشمیر کی اقت□ادی جرائم سے متعلق وِنگ نے جموں کشمیر سٹیٹ پاور ڈیولپمنٹ کارپریشن کے اس وقت کے انچارج سُپرانینٹڈنٹ انجینئر، جو اب سبکدوش ہوا ہے، کے خلاف چیف جُوڈیشل مجسٹریٹ سرینگر کی عدالت میں ایک چارج شیٹ داخل کی ہے۔

مذکورہ شخص کے خلاف اپنے سرکاری سروس ریکارڈ میں درج تاریخِ پیدائش میں قلم زنی کرنے کا الزام ہے۔

بورڈ

جموں کشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن کی جانب سے کل ہمنہ میں انگریزی کتابوں کی ترقی کے موضوع پر چھ روزہ ورکشاپ شروع ہوا ۔ورکشاپ کے دوران دوسری سے پانچویں جماعت تک کی انگریزی کتابونپر ماہرین تعلیم بحث و مباحثہ کرینگے۔

LPG

جموں و کشمیر میں ایندھن کی مجموعی سپلائی □ورتحال مستحکم اور اطمینان بخش ہے۔ یہ بات اوئل انڈسٹری کے سٹیٹ لیول کارڈنیٹر ہمانشو شرمانے ایک بیان میں کہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سپلائی چین کا پورا نظام بغیر کسی رکاوٹ کے مو

ثر انداز میں کام کر رہا ہے۔ٔ

ہمانشو شرما نے مزید کہا کہ گھریلو □ارفین کے لیے ایل پی جی سپلائی کو ترجیح دی جا رہی ہے اور اس کی فراہمی معمول کے مطابق برقرار ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ Panic Buying۔نہ کریں

IPL

انڈین پریمیر لیگ کرکٹ کے تحت آج راجستھان رائلز کا مقابلہ لکھنؤ سپر جائنٹس سے ہوگایہ میچ شام ساڑھے سات بجے جے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ